تبصرہ کتب

تبصرہ نگار
محمد رمضان یوسف سلفی

زنا کی سنگینی اور اس کے بُرے اثرات

مصنف: ڈاکٹر فضل الٰہی حفظہ اللہ

صفحات: 338 قیمت: 400 روپے

ناشر: ارالنور اسلام آباد 0333-5139853

ملنے کا پتہ: مکتبہ قدوسیہ رحمان مارکیٹ غزنی سٹریٹ اردو بازار لاہور 042-37351124

زنا معاشرے کی وہ متعددی بیماری ہے کہ جس کی سنگینی اور بُرے اثرات سے نہ صرف معاشرہ تباہ ہوتا ہے بلکہ اس سے قوموں کی قومیں ذلت کی اتھاہ گہرائیوں میں جا گرتی ہیں۔ زنا کاری سے عصمت و پاک دامنی پر لگا داغ منہ دکھانے کے قابل نہیں چھوڑتا۔ اخلاق کا دیوالیہ نکل جاتا ہے، فتنہ وفساد برپا ہوتا ہے۔ لڑائی جھگڑے عام ہو جاتے ہیں، فحاشی و بے حیائی کھلے بندوں زور پکڑتی ہے۔ حرام کی اولاد معاشرے میں بگاڑ پیدا کرتی ہے۔ ملک معاشی طور پر بدحالی کی طرف گامزن دکھائی دیتا ہے۔ اللہ کی رحمت اٹھ جاتی ہے۔ آدمی کا ایمان سلب ہو جاتا ہے۔ اس کی کوئی عبادت اللہ کے ہاں قبول نہیں ہوتی اور اس بدکار کو دنیا و آخرت میں ذلت و رسوائی اور دردناک عذاب کا سامنا کرنا پڑے گا۔

اسلام جو کہ ایک عالم گیر مذہب ہے اس نے ہمیشہ انسان کو عفت و پاک دامنی کی زندگی گزارنے کی تعلیم دی ہے۔ زنا کو شرک اور ناحق قتل کے بعد تیسرا بڑا جرم اور گناہ قرار دیا ہے۔ اللہ تبارک وتعالیٰ نے قرآن کریم میں متعدد مقامات پر زنا کی حرمت بیان کی ہے اور نبی کریم ﷺ نے بھی اپنے فرامین میں اس فعل بد کی مذمت کے ساتھ اس کی حرمت کو واضح الفاظ میں بیان فرمایا ہے۔ نبی علیہ الصلاۃ والسلام بعض مواقع پر عورتوں سے بیعت لیتے وقت اس چیز کا اقرار (وعدہ) لیا کرتے تھے کہ وہ شرک نہیں کریں گی اور زنا نہیں کریں گی۔ ایک موقع پر آپ ﷺ نے فرمایا تھا کہ تم زبان اور شرمگاہ کی